17/01/2026

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عابدہ اختر سے خبریں سُن

ورکشاپ LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل آئی آئی ایم جموں میں منعقدہ انٹرنیشنل پینٹنگ ورکشاپ کی اختتامی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ فنکار اور کاروباری نوجوان GenZ مل کر بھارت کے مستقبل کی تعمیر کریں گے۔

لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ فن اور کاروبار کا اشتراک ایک منفرد قوت ہے، جہاں تخیل اور سرمایہ کاری مل کر ترقی یافتہ اور خوشحال سماج کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔

-----Byte-----

تقریب کے دوران لیفٹنٹ گورنر نے نامور اور ابھرتے ہوئے مصوروں کی حوصلہ افزائی کی اور آئی آئی ایم جموں کی اس منفرد تعلیمی و ثقافتی پہل کو سراہا۔

لیفٹنٹ گورنر

پروگرام کے تحت 120 کشمیری نوجوانوں Exchange لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کشمیر یوتھ کے پہلے گروپ کو جھنڈی دکھا کر "وطن کو جانو " ٹور کے لئےروانہ کیا۔

پروگرام کے اس چھٹے مرحلے میں مجموعی طور پر دو ہزار نوجوان ملک کے پندرہ بڑے شہروں کا دورہ کریں گے، تاکہ وہ ملک کی ثقافتی، تاریخی اور صنعتی وراثت سے واقف ہو سکیں۔لیفٹنٹ گورنر نے ان نوجوانوں سے بات چیت کی اور ان کے لیے نیک تمناو

ں کا اظہار کیا۔ئ

ایل جی ملاقات

بھارتیہ جین سنگھٹن کے ایک وفد نے جموں و کشمیر یونین ٹیریٹری صدر سندیپ جین کی قیادت میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ وفد نے سما جی و فلاحی سرگرمیوں سے متعلق امور پر ایل جی کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

اسکالرز کا ایک وفد، ایڈووکیٹ کیتن کمار کی قیادت LLMاسی طرح، یونیورسٹی آف جموں کے میں، لیفٹنٹ گورنر سے ملاقی ہوا۔ وفد نے ایل جی کو قانونی تعلیم، تحقیقی امور اور نوجوانوں سے جڑے مسائل سے آگاہ کیا۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کل جموں ہاٹ میں گاندھی شلپ بازار 2026 کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ایسے پلیٹ فارم کاریگروں کی روزی روٹی کو مضبوط بنانے، دیسی دستکاری کے فروغ اور قومی سطح پر منڈیوں سے رابطے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

یہ سات روزہ نمائش 21 جنوری تک جاری رہے گی، جس میں جموں و کشمیر سمیت ملک کی مختلف ریاستوں کے چالیس کاریگر پشمینہ شال، کانی و سوزنی کڑھائی، جیولری، ہینڈلوم اور دیگر روایتی دستکاری مصنوعات پیش کر رہے ہیں۔

آرگنائزیشن نے کیا ہے، جس کا مقصد دستکاروں Promotion نمائش کا اہتمام جموں کشمیر ٹریڈ کو قومی سطح پر مارکیٹنگ کا موقع فراہم کرنا ہے۔

معراج النبی ﷺ

معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تقریب سعید بڑی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی۔اس نسبت سے وادی کی مساجد خانقاہوں اور بقہ جات میں شب بیداری کی تقریبات منعقد ہوئیں۔اس موقعے پر علمائے کرام نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے معراج پر روشنی ڈالی۔سب سے بڑی تقریب آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہوئی جہاں رات بھر عقید ت مند درود و ازکار میں محو رہے۔

-------V/O-------

آثار شریف درگاہ حضرت بل میں آج ہر نماز کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ کی زیارت کرائی جا رہی ہے ۔

مبارک باد

اس بیچ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری، کابینہ وزراء جاوید احمد رانا، سکینہ ایتو ،ستیش شرما، جاوید احمد ڈار ، صوبائی کمشنر کشمیر کشمیر وی کے بردی اور جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین IGPانشل گرگ ، نے معراج النبیﷺ کے موقعے پر لوگوں کومبارکباد دی ہے۔

چیف سیکریٹری

Departmental چیف سیکریٹری اَٹل ڈلو نے سرکاری ملازمین کی ترقی سے متعلق تیار کر Trainings اینڈ ARIکمیٹی کے آن لائن پورٹل کا جائزہ لیا۔ یہ پورٹل محکمہ Promotion رہا ہے۔ پورٹل کا مقصد ترقی کے عمل کو بروقت اور شفاف بنانا ہے۔

چیف سیکریٹری نے افسروں کو ہدایت دی کہ ڈی پی سی کو جلد اور مکمل طور پر ڈیجیٹل بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ آن لائن نظام سے شفافیت بڑھے گی، تاخیر ختم ہوگی اور ملازمین کو فائلوں کے جھنجھٹ سے نجات ملے گی۔

انتقال

بڈگام کے سابق پرنسپل رویندر کمار بھٹ کل درگا نگر، تالاب تلو، جموں میں فوت ہو گئے۔ DIET آنجہانی کی آخری رسومات آج صبح ساڑھے گیارہ بجے شکتی نگر، جموں کے شمشان گھاٹ میں ادا کی جائیں گی۔آنجہانی نیوز روم سے وابستہ نیوز کاسٹر سنجیو کمار پنڈت کے ہم زلف تھے۔

CBI

سی بی آئی نے اننت ناگ ضلعے کے سوف شالی ککر ناگ Investigation سنٹرل بیورو آف حلقے کے پٹواری اور اسی حلقے کے چوکیدار کو 15 ہزار روپے کی رقم بطور رشوت لینے کی پاداش میں گرفتار کیا ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی3 اعشاریہ 2ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت4 اعشاریہ 6 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ